# ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## ہاؤس نمبر 3، بلاک پی، ڈیرہ غازیخان

ریفرنس نمبر: DGKCC&I/CIR/233/2023

مورخہ: 07 ستمبر 2023

## کاروائی اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 14 ستمبر 2023

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کی ایک میٹنگ مورخہ 14 ستمبر 2023 بروز جمعرات بوقت 01:00 بجے دن چیمبر کے رجسٹرڈ آفس واقع ہاؤس نمبر 3، بلاک نمبر P ڈیرہ غازیخان میں صدر چیمبر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اجلاس میں درج ذیل اراکین نے شرکت فرمائی۔

**حاضری ممبران:۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب خواجہ محمد الیاس | صدر |
| 2- | جناب مرزا محمد ظفر اقبال | سینئر نائب صدر |
| 3- | جناب سرمد سلیم خوجہ | نائب صدر |
| 4- | بیرسٹر سردار عباس علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 5- | جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 6- | جناب شیخ محمد آصف رزاق | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 7- | جناب سردار محمد علی خان دستی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 8- | جناب محمد فردوس حمید خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 9- | جناب محمد شریف خان لغاری | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 10- | جناب مقصود احمد خان علیانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 11- | جناب حافظ محمد سیف اللہ خان پتافی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 12- | جناب مقبول الٰہی شیخ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

عدم حاضری درخواست:۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب خواجہ محمد یونس | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| 2- | جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

| | | |
|---|---|---|
| -3 | جناب سردار شہباز علی خان نصوحہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -4 | جناب خواجہ محمد اصغر | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -5 | جناب مرزا محمد حماد اقبال | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -6 | جناب غلام عباس خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -7 | جناب غلام مرتضیٰ خان گورمانی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -8 | جناب حاجی محمد ذوالفقار خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -9 | جناب ذکاءاللہ خان | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -10 | جناب میاں حسین احمد فضل | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -11 | جناب خواجہ محمد نصر المحمود | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -12 | جناب عمر فاروق قریشی | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |
| -13 | محترمہ گل فاطمہ | ممبر ایگزیکٹو کمیٹی |

جناب ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر، جناب شیخ محمد زاہد نظام قریشی سابق سینئر نائب صدر، جناب خلیل احمد خان علیانی سابق نائب صدر، جناب مرزا محمد آصف اقبال سابق نائب صدر، جناب مرزا محمد اقبال، جناب اشفاق سرور خان دستی، جناب زین علی خان، جناب شیخ محمد طاہر معراج، جناب حاجی محمد علی شیخ، جناب شبلی شب خیز غوری، جناب احسان کریم،، جناب شیخ محمد نقیب صدر مرکزی انجمن تاجران ڈیرہ غازیخان نے خصوصی دعوت پر شرکت فرمائی - صاحب صدر نے تمام اراکین کا انکی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

**1- تلاوت کلام پاک**

اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ جناب حاجی محمد علی شیخ صاحب نے تلاوت کلام پاک کی۔

**2- سابقہ اجلاس ایگزیکٹو کمیٹی منعقدہ مورخہ 10-06-2023 کی کارروائی کی توثیق۔**

سیکریٹری جنرل نے جناب صدر چیمبر کی ہدایت پر مورخہ 10-06-2023 کے اجلاس کی کارروائی ایوان میں منظوری کیلئے پیش کی۔ ایوان نے کارروائی سے اتفاق کرتے ہوئے متفقہ طور پر پیش کردہ کاروائی کی توثیق کردی اور ایک درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

"قرارداد"

"ہرگاہ ایوان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 10-06-2023 کی کارروائی کی باالتفاق رائے سے توثیق کرتا ہے۔"

3- چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر اور چیئرمین محمود گروپ آف انڈسٹریز جناب خواجہ محمد اقبال، چیمبر کے سینئر ممبر و سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی حاجی عبدالمجید ملک میسرز رحمٰن کاٹن فیکٹری پل ڈاٹ، ڈیرہ غازیخان اور چیمبر کے سینئر ممبر جناب سردار محمد خان لغاری میسرز لغاری ٹریڈرز، گدائی، ڈیرہ غازیخان کی ہمشیرہ صاحبہ اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدور جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ، بیرسٹر سردار عباس علی خان نصوحہ اور سابق سینئر نائب صدر سردار شہباز علی خان نصوحہ کی ممانی سردار خدا بخش خان نتکانی کی اہلیہ کے انتقال پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر و سابق صدور جناب خواجہ محمد یونس صاحب اور خواجہ محمد جلال الدین رومی صاحب اور ان معزز ممبران، ان کے لواحقین اور پسماندگان سے اظہار تعزیت اور مرحومین کیلئے مغفرت اور بلندی درجات کی دعا۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر نے سیکریٹری جنرل چیمبر معاونت کرتے ہوئے اجلاس میں حاضر اراکین ایگزیکٹو کمیٹی کو بتایا کہ جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ ڈیرہ غازیخان چیمبر کے سابق صدر اور چیئرمین محمود گروپ آف انڈسٹریز ہمارے صدر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب، چیمبر آف کامرس کے پیٹرن ان چیف و سابق صدر خواجہ محمد یونس اور سابق صدر خواجہ محمد جلال الدین رومی کے بڑے بھائی تھے وہ رحلت فرما گئے ہیں، چیمبر آف کامرس کے سابق ممبر ایگزیکٹو کمیٹی و سینئر ممبر حاجی عبدالمجید ملک میسرز رحمان کاٹن فیکٹری پل ڈاٹ جام پور روڈ ڈیرہ غازیخان کے مالک اور سینئر ممبر چیمبر جناب سردار محمد خان لغاری میسرز لغاری ٹریڈرز، گدائی ڈیرہ غازخان کی محترمہ ہمشیرہ صاحبہ۔ میری اور بیرسٹر سردار عباس علی خان نصوحہ سابق صدر اور سردار شہباز علی خان نصوحہ سابق سینئر نائب صدر چیمبر کی محترمہ ممانی صاحبہ ہمارے ماموں جناب سردار خدا بخش خان نتکانی کی اہلیہ اچانک وفات پا گئیں ان کے انتقال پر ملال پر ان سے ان کے ورثا اور پسماندگان اور لواحقین سے اظہار تعزیت اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی، مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کیلئے آپ تمام حاضر اراکین سے درخواست ہے کہ ان کیلئے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت فرمائیں اس پر اجلاس میں حاضر تمام شرکا نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی اور فاتحہ پڑھی اور ان کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔ دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے۔

ان کے درجات بلند فرمائے ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ان کی قبور پر اپنی رحمت کا نزول فرمائے ان کو پیارے آقا حضرت محمد کا قرب اور شفاعت نصیب فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کے ورثا، لواحقین اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین ثم آمین)۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

اجلاس میں سابق صدر جناب خواجہ محمد اقبال صاحب مرحوم مغفور کو خراج عقیدت پیش کیا گیا چیمبر آف کامرس کیلئے ان کی خدمات کو سراہا گیا ان کے جزبہ خیر سگالی کی تعریف کی گئی انہوں نے جو ڈیرہ غازیخان چیمبر کی خدمات سرانجام دیں وہ ناقابل فراموش ہیں انہیں چیمبر کی تاریخ میں ہمیشہ یادرکھا جائے گا ان کی وفات سے ڈیرہ غازیخان ڈویژن کی کاروباری برادری اور صنعتکار برادری کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے اوران کی وفات سے جوخلا پیدا ہوا ہے یہ خلا کبھی پورا نہیں ہوسکتا اور نہ ہی پورا کیا جاسکتا ہے اللہ تعالی ان کے درجات بلند فرمائے۔آمین ثم آمین۔

4- ڈیرہ غازیخان مظفرگڑھ روڈ پر انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی منظوری کے بارے میں پیش رفت۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر نے اجلاس کی کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے تمام حاضرارا کین کو جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر کی کاوشوں کے بارے میں آگاہ کیا جناب صدر صاحب کی طرف سے جوانڈسٹریل اسٹیٹ کی کاوشیں تھیں ان میں اللہ تعالیٰ نے انہیں کامیابی بخشی ہے اور ڈیرہ غازیخان میں مظفرگڑھ روڈ پر ایک بہت بڑی انڈسٹریل اسٹیٹ بننے جارہی ہے اس کے قیام کی جو منظوری ہوئی ہے اوراس کے بارے میں جو پیش رفت ہے اس کے بارے میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب سے درخواست کرونگا اس پر روشنی ڈالیں۔جناب صدر صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ انڈسٹریل کے قیام کی منظوری کیلئے کامیابی کا سہرا جناب کمشنر صاحب کے سر ہے انہوں نے اس کیلئے بڑی محنت اور بہت بڑی کوشش کی ہے حالانکہ ہمارے لوگوں کا خیال تھا کواس کو ڈیرہ غازیخان میں قائم کیا جائے انہوں نے جو جگہ بنائی ہے اوراسے allocate کیا ہے وہ جگہ ہب ہے اور چاروں صوبوں کا سنگم ہے انڈسٹریل اسٹیٹ محل وقوع کے لحاظ سے بہت اہم جگہ پر ڈیرہ ڈویژن اور چاروں صوبوں کے سنگم پر واقع ہے اس کی ایک اہم خوبی یہ بھی ہے کہ کوئٹہ سے لے اسلام آباد اور پشاور سے کراچی تک ہر جگہ تک اس کی مصنوعات کی آسانی سے بائی روڈ محفوظ ترسیل کی جاسکتی ہے۔اور یہاں انڈسٹریل اسٹیٹ کے قائم ہونے سے ایک بہت بڑا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

وہ یہ ہے کہ ڈیرہ غازیخان میں غیر ملکی ماہرین کی آمد پر پابندی ہے ان ایکسپرٹ کو ڈیرہ غازیخان میں نہیں بلایا جاسکتا اس وقت جن کی پہلے سے موجود انڈسٹریز ہے ان کے مالکان انہیں دعوت نہیں دے سکتے اگر وہ انہیں invite بھی کرتے ہیں تو وہ پھر ملتان، اسلام آباد یا دیگر شہروں میں invite کرتے ہیں۔مظفرگڑھ میں انڈسٹریل اسٹیٹ قائم ہونے سے ان مشکلات اور مسائل سے نجات مل جائے گی اور آپ اپنے غیر ملکی ماہرین کو اپنی ہی انڈسٹریز میں دعوت دے سکیں گے۔

Chamber of Commerce & Industry · D.G.Khan · D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

جناب سردار اشفاق سرور دستی صاحب نے انڈسٹریل اسٹیٹ کی لوکیشن کے بارے میں دریافت کیا اس پر جناب سردار صاحب نے بتایا کہ مظفر گڑھ روڈ پر تنکش ہسپتال کے ساتھ اس کے بالمقابل ہے مظفر گڑھ بائی پاس سے پہلے۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے بتایا کہ جناب ڈاکٹر ناصر محمود بشیر صاحب کمشنر ڈیرہ غازیخان اور نگران صوبائی وزیر جناب ایس ایم تنویر صاحب انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی بابت consultation کیلئے تشریف لائے اس میں ڈیرہ غازیخان، مظفر گڑھ سے تعلق رکھنے والے ممبران چیمبر اور انڈسٹریل لسٹ نے شرکت کی تھی ہماری ہی consultation سے یہ منظوری ہوئی ہے اس میں آپ کے سابق صدر اور پیٹرن ان چیف جناب خواجہ محمد یونس صاحب نے انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے ان کی تگ و دو اور محنت سے یہ سارا کچھ ممکن ہوا ہے۔ نگران صوبائی وزیر ایس ایم تنویر صاحب اور جناب کمشنر صاحب انڈسٹریل اسٹیٹ کی سائٹ پر تشریف لے گئے تھے اور جگہ کا معائنہ کیا تھا اور صوبائی وزیر انڈسٹریز پنجاب نے اس جگہ کو انتہائی موزوں اور بہترین قرار دیا ہے۔ جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے بتایا کہ ہمارے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب ساتھ رہے ہیں اور اس وقت بھی ان کے ساتھ موقع پر موجود تھے۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر نے بتایا کہ جناب مرزا صاحب نے مجھ سے بھی زیادہ دلچسپی لی ہے اور اس پر محنت کی ہے۔

جناب خواجہ محمد الیاس صدر چیمبر نے ہاؤس کو گیا کیا کہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی گزشتہ بیس سالوں سے انڈسٹریل کے قیام کے کوششیں جاری تھیں جو کہ اس وقت کے موجودہ کمشنر جناب ڈاکٹر ناصر محمود بشیر اور نگران صوبائی وزیر جناب ایس ایم تنویر صاحب کی ذاتی دلچسپی کی وجہ سے اس کا قیام ممکن ہوا ہے جناب کمشنر صاحب اور نگران صوبائی وزیر جناب ایس ایم تنویر صاحب چیمبر کے سابق صدر پیٹرن ان چیف خواجہ محمد یونس کی تگ و دو اور کوششوں سے انڈسٹریل اسٹیٹ کی منظوری ہوئی ہے انشاللہ تعالیٰ اس کا کام جلد شروع ہو جائے گا یہ انڈسٹریل اسٹیٹ 400 ایکڑ اراضی پر منظور ہوئی ہے اور اس کا سب زیادہ فائدہ یہ ہے کہ یہاں پر بہت زیادہ سرکاری اراضی موجود ہے ایک مرتبہ کام شروع ہو جائے تو اس میں توسیع بھی کی جاسکتی ہے ہمارا چیمبر کی طرف سے حکومت پنجاب سے مطالبہ ہے کہ انڈسٹریل اسٹیٹ کیلئے سوئی گیس اور بجلی کا انتظام کیا جائے اور فوری طور پر اس کا قبضہ دیا جائے اس کی چاردیواری کی منظوری دی جائے اور اس پر فوری طور پر کام کا آغاز کیا جائے اور بلا تاخیر اور تیزی سے اسے مکمل کیا جائے اس کے ضروری کام مکمل کئے جائیں اور اس کی منظوری کے بعد قیام میں جو بھی رکاوٹیں حائل آئیں ان کو دور کیا جائے اور تمام تر ضروری سہولیات مہیا کی جائیں۔

جناب صدر صاحب نے مزید کہا کہ میں نے جناب کمشنر صاحب اور صوبائی وزیر کو بار بار کہا ہے اور رحیم یار خان انڈسٹریل کی مثال دی ہے اور اس کی ناکامی کی وجوہات بتائیں جس کی دو بڑی وجوہات وہاں پر سوئی گیس جو کہ بالکل ہی نہیں اور بجلی کی فراہمی ہے کیونکہ وہاں بجلی بہت کم ہے اور ضرورت پورا نہیں کرتی اور یہاں یہ انڈسٹریل اسٹیٹ کی بنیادی ضروریات ہیں ان کو پورا کرنا اور فراہم کرنا بہت ضروری ہے اور جہاں انڈسٹریل بن رہی ہے وہاں ہمارے ملک کا سب سے بجلی گھر تھرمل پاور بالکل قریب ہے بجلی اور گیس کی فراہمی یقینی ہے اور انشا اللہ تعالیٰ ہماری انڈسٹریل اسٹیٹ جلد پایہ تکمیل کو پہنچے گی اور کامیاب ہوگی۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry · D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

اس کے قیام میں ہم سے زیادہ جناب کمشنر صاحب شوق رکھتے ہیں اور ان کی یہ کوشش ہے کہ وہ اپنی موجودگی میں اور نگرانی میں کام مکمل کر جائیں کیونکہ یہ ان کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اس انڈسٹریل اسٹیٹ کی منظوری پر ہم جناب کمشنر ڈیرہ غازیخان اور نگران صوبائی وزیر جناب ایس ایم تنویر صاحب کے شکرگزار ہیں ان کی ذاتی دلچسپی سے اس کی منظوری ممکن ہوئی ہے۔ اس پر جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر نے کہا کہ میری تجویز ہے کہ چیمبر آف کامرس کی طرف سے ایک قرارداد پاس کر کے ان کے اس جزبہ کو خراج تحسین پیش کیا جائے جن کی وجہ سے یہ سارا کچھ ممکن ہوا ہے۔ جناب مرزا محمد ظفر اقبال سینئر نائب صدر نے اجلاس کو بتایا کہ ہم ڈیرہ غازیخان میں 150 ایکڑ رقبہ پر سمال انڈسٹریل کی بھی کوشش کر رہے اس کی جگہ کو جناب کمشنر صاحب نے allocate کیا ہوا ہے وہ بھی انشااللہ ہو جائے گی اس پر جناب صدر صاحب نے کہا فرمایا انشااللہ وہ بھی ہماری کوشش ہے ضرور ہو جائے گی۔ جناب سردار صاحب نے کہا کہ یہ بہت محنت طلب کام ہوتے ہیں ان پر بہت زیادہ وقت لگتا ہے اور کافی جدوجہد کے بعد یہ مسائل حل ہوتے ہیں۔ جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی یہ سمال انڈسٹریل جو دانش سکول کے قریب ہے انشااللہ ضرور منظور ہو جائے گی۔

جناب اشفاق سرور خان دستی صاحب نے جناب صدر صاحب کو تجویز دی جہاں یہ سارا کچھ ہو رہا ہے وہاں چیمبر آف کامرس کے آفس کیلئے قطعہ اراضی کے حصول کیلئے کوشش کی جائے اس پر جناب صدر صاحب نے کہا کہ وہ بھی ہماری کوشش ہے اس کیلئے بھی ہم نے جناب کمشنر صاحب سے بات کی ہے اس پر انہوں نے فرمایا ہے کہ آپ سرکاری جگہ بتائیں وہ بھی میں کر دیتا ہوں لیکن ہماری خواہش اور کوشش ہے چیمبر کے آفس کیلئے زمین کم از کم دو کنال یا اس سے بھی زیادہ ہو اور کھلی جگہ پر ہو جہاں آمدورفت بھی آسان ہو شہر سے باہر اور شہر کے قریب ہو تنگ جگہ نہیں ہونی چاہیئے کیونکہ شروع میں بہاولپور کا آفس بھی شہر سے باہر کراچی بائی پاس پر تھا جو خرید کیا اب وہ شہر کے اندر آ گیا ہے اور گنجان آبادی میں ہے اسی طرح رحیم یار خان چیمبر آف کامرس کا آفس بھی شہر سے باہر شہباز پور روڈ صادق آباد روڈ پر تھا وہ بھی اب شہر میں آ گیا ہے میری خواہش ہے اور میں چاہتا ہوں کوئی ایسی جگہ تلاش کر کے بتائیں جو کھلا علاقہ ہو اچھی آب و ہوا اور آمدرفت کی بھی سہولیات ہوں اس پر جناب احسان کریم مہتر صاحب نے جناب صدر صاحب کو بتایا کہ ملتان روڈ پاکستان بائی پاس کے قریب دانش سکول کے ساتھ سرکاری رقبہ موجود ہے وہاں پر چیمبر کے آفس کیلئے زمین کا مطالبہ کیا جائے اور اس وقت شہر کی آبادی کا رخ بھی اسی طرف ہے۔

اس پر جناب صدر صاحب نے سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی کہ اس کو نوٹ کریں اور مناسب وقت پر مجھے بتائیں اس پر کام کریں گے اور اس کے لئے جناب کمشنر صاحب سے بات کریں گے۔ اجلاس میں جناب ڈاکٹر ناصر محمود بشیر صاحب کمشنر ڈیرہ غازیخان ڈویژن اور نگران صوبائی وزیر انڈسٹریز پنجاب جناب ایس ایم تنویر صاحب کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے متفقہ طور قرارداد پاس کی گئی جو کہ درج ذیل ہے۔

Secretary General
D.G. Khan Chamber of Commerce & Industry, D.G. Khan

"قرارداد"

ہرگاہ یہ طے کیا جاتا ہے کہ ڈیرہ غازیخان انڈسٹریل اسٹیٹ جس کا قیام ڈیرہ غازیخان مظفرگڑھ روڈ پر لایا جارہے یہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دیرینہ مطالبہ تھا جو کہ جناب ڈاکٹر ناصر محمود بشیر صاحب کمشنر ڈیرہ غازیخان ڈویژن کی محنت کاوشوں اور خصوصی دلچسپی لینے کی وجہ سے اور نگران صوبائی وزیر انڈسٹریز پنجاب جناب ایس ایم تنویر صاحب کی خصوصی مہربانی اور ذاتی دلچسپی کی وجہ سے شرمندہ تعبیر ہوا ہے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی ان کے جزبہ خیر سگالی اور خدمات کا اعتراف کرتی ہے اور ان کی اس توجہ دینے اور انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی منظوری دینے پر ان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے اور اس کے قیام میں مزید تیزی لانے اور اس کے انفراسٹرکچر کی تعمیر کیلئے دیگر ضروری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات کرنے کا مطالبہ کرتی ہے کہ اس پر فوری طور پر کام شروع کیا جائے اور اس کے قبضہ اور چاردیواری کیلئے ہر ممکن سہولیات کی منظوری دی جائے۔"

5- ملک کے موجودہ معاشی واقتصادی حالات کے بارے میں غوروخوض اور ڈیرہ غازیخان میں امن وامان کی صورتحال پر غور۔

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے میٹنگ کی کارروائی آگے چلاتے ہوئے اجلاس میں حاضر اراکین کی توجہ ملک کے موجودہ معاشی واقتصادی حالات کی طرف مبذول کرائی کہ اس پر اگر کوئی دوست اظہار خیال فرمانا چاہئیں یا ڈیرہ غازیخان میں امن وامان کی صورتحال پر روشنی ڈالنا چاہئیں۔ اس پر سب سے پہلے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے ہاؤس کو ویسٹ منیجمنٹ کے حوالے سے بتایا کہ آج کی میٹنگ میں مجھے بتایا گیا کہ اس وقت ڈیرہ غازیخان شہر میں صفائی ستھرائی پوزیشن بہترین ہے کوئی مسئلہ درپیش نہیں اس وقت شہر صاف ستھرا ہے منیجمنٹ کی طرف سے بہترین اقدامات کئے گئے ہیں کہیں کوئی مسئلہ نہیں ہے میں اس پر آپ سے رائے لینا چاہتا ہوں اور صحیح صورتحال کے بارے میں آگاہی چاہتا ہوں کہ اصل صورتحال کیا ہے کیا ایسا ہی ہے جیسا بتایا گیا ہے۔

اس پر جناب حاجی محمد علی شیخ صاحب نے جناب صدر کو بتایا کہ آپ کو جو کچھ بتایا گیا ہے حالات اس کے برعکس ہیں شہر میں صفائی کا کوئی نظام نہیں ہے صفائی ستھرائی کی کہیں حالت تسلی بخش نہیں پورے شہر میں سیوریج کا بڑا برا حال ہے کوئی محلہ، بلاک یا روڈ اس قابل نہیں جہاں پانی ابل رہا ہے سیوریج کے نالے بند ہیں مین ہول بند ہیں کوئی صفائی نہیں ہے ہر بلاک میں کوئی نا کوئی گلی ضرور ہے جن کا سیوریج بند ہے اور پورے بلاک اور روڈ پر پانی نظر آئے گا کوئی انتظام نہیں ہے۔ اس پر جناب سردار صاحب نے ہاؤس کو بریف کرتے ہوئے فرمایا کہ صفائی اور سیوریج دو الگ الگ چیزیں ہیں ان کا ویسٹ منیجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ ان کے دائرہ کار سے باہر ہے۔

جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر نے شاہ سکندر روڈ کا سیوریج کی وجہ سے برا حال ہے جب نکاسی نہیں ہوگی تو صفائی کیسے ہوگی اس پر جناب محمد عمر فاروق قریشی صاحب ممبر ایگزیکٹو نے کہا کہ جناب مرزا صاحب نے بالکل درست نشاندہی کی ہے اب صفائی اور ستھرائی کا معیار اصل اور ٹھیک جگہ جارہا ہے کیونکہ ہمارے شہر میں ایک وقت تھا جب شاہ سکندر روڈ سب سے زیادہ صاف ستھرا تھا۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

اور سیوریج کا مسئلہ نہیں تھا اسی طرح ریلوے روڈ اور پھر چڑیا گھر روڈ اور اب کچہری چوک اور بھیے ہوٹل چوک کی پوزیشن آپ کے سامنے ہے گندگی اور سیوریج ٹھیک جگہ جا رہا ہے ہے کیونکہ اب اس کا مقام ڈی سی آفس اور ڈی سی ہاؤس ہی ہے۔ جناب سردار صاحب نے فرمایا کہ اصل میں یہ ایک ملٹی پل ٹاسک ہے کیونکہ پہلے گندگی ہوتی ہے اس کے ڈھیر ہو جاتے ہیں تو وہی گٹروں میں پڑتے ہیں سیوریج کا نظام بلاک ہو جاتا ہے نالیاں بند ہو جاتی ہیں پھر مسائل جنم لیتے ہیں۔ جناب شبلی شب خیز غوری صاحب نے کہا کہ پل ڈاٹ سے لے کر چوک چورہٹہ تک دیکھ لیں تمام روڈز کی پوزیشن آپ کے سامنے ہے گڑوں کے ڈھکن تک نہیں ہیں سیوریج لائینز بند ہیں پانی گڑوں سے باہر ابل رہا ہے روڈز پر ہر طرف سیوریج پانی موجود ہے اس سے مسائل ہوتے ہیں اور یہی ٹریفک میں رکاوٹ کا سبب بنتے ہیں ماشاللہ اس وقت تک جو ویسٹ منیجمنٹ کی ٹیم ہے کافی ایکٹو اور متحرک ٹیم ہے یہی کام جناب سرمد سلیم کے ذمہ لگائیں سب پتہ چل جائے گا کہ اس وقت WMC کے کتنا مشینری، ٹریکٹرز، گاڑیاں، ٹرالیاں موجود ہیں کتنی کام کرنے کے قابل ہیں اور کتنی مرمت کرا کے کام کے قابل بنا ئی جاسکتی ہیں جناب سرمد سلیم صاحب ہر چیز کی تفصیل آپ کو دے دیں گے اور بھی پتہ چل جائے گا جو گاڑیاں بند کھڑی ہیں ان پر کیا چارج کیا جا رہا ہے ہر چیز سامنے آجائے گی۔ یہ ٹیم محنت کر کے انشااللہ ان مسائل پر قابو پا لے گی اور احسن طریقے سے فرائض سرانجام دے گی ۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ میں نے آج وہاں حکم جاری کیا ہے کہ گندگی کو اٹھانے اور صفائی ستھرائی کیلئے میں نے دو وقت مقرر کئے ہیں ایک صبح آٹھ بجے اور دوسرا ٹائم شام پانچ بجے ان دو اوقات میں جہاں جہاں ڈمپنگ پوائنٹ مقرر ہوں گے وہاں سے ان اوقات کار میں صفائی کر دی جائے اور کہیں بھی گندگی کے ڈھیر نہیں ہوں گے اور صفائی والا عملہ وقت پر صفائی کرے گا۔ جناب شبلی شب خیز نے کہا کہ ایک سسٹم ہونا چاہیئے یہ نہ ہو کہ سیوریج ان کے ذمہ ہے اور صفائی ان کے ذمہ ہے ایک جگہ مقرر ہونی چاہیے جہاں سے سارے مسائل کا حل ہو۔ ایک سسٹم کے تحت سارا کچھ ہونا چاہیئے ۔ جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے کہا کہ سابق کمشنر جناب نسیم صادق صاحب کے دور میں یہی مشینری تھی یہی ورکرز تھے لیکن انہوں نے شہر میں صفائی اور سیوریج کا نظام بہترین کر دیا تھا۔ جناب مرزا محمد اقبال صاحب نے کہا کہ ہمارے ڈیرہ غازیخان کے شاہ سکندر روڈ پر ایک لطیفہ بنا دیا گیا کہ شاہ سکندر روڈ نہیں شاہ سمندر روڈ ہے کیونکہ وہاں ہر وقت سیوریج کا پانی موجود رہتا ہے ہر قسم کے راہ گیر حتیٰ کہ بڑی گاڑیوں کا بھی وہاں سے گزرنا مشکل ہے روڈ بالکل خستہ حالی کا شکار ہے کسی بھی مین ہول پر ڈھکنا نہیں رہا۔ جناب سردار صاحب نے فرمایا کہ جناب نسیم صاحب نے TMA کی کئی سالوں سے جو گاڑیاں بند تھیں ناکارہ ہونے والی تھیں انہیں دوبارہ چالو کرایا اور شہر ڈیرہ غازیخان کی مکمل صفائی کرائی یہی مشینری تھی لیکن شہر صفائی کے لحاظ سے مثالی بن گیا تھا یہ مسائل نہیں رہے تھے جو دوبارہ بن گئے ہیں۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

6- ملک میں بجلی، پٹرول اور ڈیزل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں آئے روز اضافے کے بارے میں اظہار تشویش اور غور وخوض، تجاویز۔

جناب شبلی شب خیز غوری صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ ڈیرہ غازیخان میں پٹرول کی وجہ سے ساؤتھ پنجاب میں جو مسئلہ چل رہا ہے اس پر ہم نے دو ہفتہ پہلے انتظامیہ سے میٹنگ کی اور ان کے پاس گئے تھے اسی پٹرول کے حوالے سے جو ڈیرہ غازیخان کے راستے ایران سے سمگل ہو کر یہاں سے جاتا ہے ہم اس پر اعتراض نہیں کرتے ہمیں آپ یہ بتائیں اس کا پبلک کو کیا فائدہ ہے چند سمگلرز اور پٹرول پمپ مالکان تو سمگلنگ کے پٹرول سے کمائی کرر ہے ہیں لیکن آپ اس پٹرول کو ایرانی ریٹ پر دیں پاکستانی ریٹ پر تو نہ دیں اس کا تو عوام کو فائدہ ملنا چاہیئے ۔اس پر جناب کمشنر صاحب نے فرمایا کہ یہ پنجاب کے کسی ایک ڈسٹرکٹ یا ڈویژن کا مسئلہ نہیں ہے یہ تفتان سے اسلام آباد تک کا ایشو ہے ہم اس بات پر خاموش ہو گئے چپ کر گئے ۔اب یہ ہر کسی کا پرسنل مسئلہ بن گیا ہے حالانکہ ہونا یہ تھا کہ ایرانی پٹرول بند ہونا تھا اس وقت نا تو ایرانی مل رہا ہے اور نہ ہی پاکستانی مل رہا ہے اب consumer پریشان ہیں وہ اس وقت بھی پاکستانی ریٹ پر لے رہا تھا اور اب لے رہا ہے لیکن پٹرول بلیک میں مل رہا ہے شارٹ ہو گیا ہے اب تین سو کی بجائے چار سو روپے لے رہا ہے سول ڈیفنس والوں نے پٹرول پمپ سیل کر دئے تھے اب ان کے باہر پٹرول بک رہا ہے اور انہیں گرفتار کرر ہے ہیں ایرانی پٹرول بند ہوا ہے ان پٹرول پمپ کو چلوانا بھی انہی کی ذمہ داری ہے کیونکہ ان کو NOC بھی سول ڈیفنس والوں نے دیا ہوا ہے لیکن consumer بے چارہ پریشان ہے اور مہنگے داموں بلیک پر لینے پر مجبور ہے۔ امن وامان کے حوالے سے ہمارا شہر ڈیرہ غازیخان لاوارث شہر ہے یہاں نہ صفائی ہے نہ پانی ہے اور نہ بجلی ہے سیوریج کے مسائل یہاں ہیں مین ہول کے ڈھکن غائب ہیں سیوریج کا گندا پانی ہر روڈ پر موجود ہے کوئی پرسان حال نہیں ہے چھوٹا سا شہر جس کا کوئی حال نہیں ہے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس کے توسط سے مطالبہ کیا جائے ڈ ڈیرہ غازیخان کو سیف سٹی بنایا جائے ہر چوک اور اہم جگہوں پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کئے جائیں جن کی وجہ سے جرائم میں کمی پانے میں مدد ملے گی اس شہر کا کوئی پرسان حال نہیں ہے اس پر جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ جب جناب شیخ عمر صاحب یہاں RPO تھے اس شہر ڈیرہ غازیخان میں اہم جگہوں اور چوکوں پر کیمرے نصب کرائے گئے تھے اور پولیس لائن میں سمارٹ سٹی کے حوالے سے مانیٹرنگ سیل بنایا گیا تھا جہاں پر اس وقت کے چیمبر کے صدر جناب بیرسٹر سردار عباس علی خان صاحب کی قیادت میں چیمبر اف کامرس کے ممبران اور تاجران نے وزٹ کیا تھا لیکن بعد میں ان کیمروں کو اون نہ کرنے اور ان کی دیکھ بھال نہ کرنے وجہ سے بند کر دیا گیا لیکن اب شہر ڈیرہ غازیخان کے امن وامان لا اینڈ آرڈر کی موجودہ صوتحال کو دیکھتے ہوئے ان کو دوبارہ بحال کیا جائے۔شہر ڈیرہ غازیخان کے حوالے سے جناب شیخ محمد نقیب صاحب صدر مرکزی انجمن تاجران ڈیرہ غازیخان نے کہا کہ شہر میں آئے روز چوریوں کی وارادات میں اضافہ ہو رہا ہے کوئی نظام نہیں ہے اس پر جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے کہا کہ شہر سے آئے روز موٹر سائیکل چوری ہو جاتے ہیں جن کو سخی سرور اور فورٹ منرو کے راستے بلوچستان میں رکنی، بارکھان بیچ دیا جاتا ہے۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے توسط سے جناب کمشنر صاحب، جناب آر پی او صاحب اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا جائے ان چوریوں اور ڈکیتیوں کی واردات کو کنٹرول میں لایا جائے امن وامان بگڑتی ہوئی صورتحال کو قابو رکھنے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔اس پر تمام حاضر اراکین نے جناب سردار صاحب کی اس تجویز تائید کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی متفقہ طور پر منظوری دے دی۔

## "قرارداد"

"ہرگاہ یہ طے کیا جاتا ہے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی ایک متفقہ قراردار کے ذریعے ضلعی انتظامیہ اور خاص طور پر جناب آر پی او صاحب اور جناب کمشنر صاحب ڈیرہ غازیخان ڈویژن سے پر مطالبہ کرتی ہے ڈیرہ غازیخان میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے شہر میں جس طرح پہلے شہر کی اہم شاہراہوں اور چوراہوں اور خاص مقامات پر CCTV کیمرے نصب تھے اور ان کی ڈیرہ غازیخان پولیس لائن میں مانیٹرنگ ہوتی ہے اور سمارٹ سٹی کے نام سے آفس قائم تھا اس کو دوبارہ بحال کیا جائے اس نظام میں موجود خامیوں کو دور کر جدید طرز پر سیف سٹی یا سمارٹ سٹی کے نام سے شہریوں کو دوبارہ سہولیات میسر کی جائیں تا کہ شہر میں آئے روز چوریوں، ڈکیتیوں اور راہزنی جیسی واردات سے چھٹکارا حاصل ہو سکے۔شہر میں پٹرول اور ڈیزل کی کمی، بلیک میں فروخت اور مصنوعی شارٹیج کو دور کر کے فوری طور پر سرکاری ریٹ پر دینے کا انتظام کیا جائے اور اس وقت شہر میں جو پٹرول پمپ پر بند ہیں ان پر پٹرول اور ڈیزل کی سیل کو پیمانے درست کرا کر فوری طور پر شروع کرایا جائے کیونکہ ملک میں ایک طرف مہنگائی کا دور دورہ ہے اور دوسری طرف مصنوعی شارٹیج اور پیمانوں کو غلط کر کے عام شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے اس کو فی الفور ختم کرایا جائے تا کہ ڈیرہ غازیخان کی عوام سکھ کا سانس لے سکے۔اس صورتحال میں شہریوں اور کاروباری لوگوں کے بہتر مفاد اور امن عامہ کو برقرار رکھنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کو جہاں اور جو تعاون چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تاجران کی طرف سے درکار ہو گا اس تعاون کیلئے ہم ہر وقت تیار ہیں۔"

**7- کوئٹہ روڈ فیڈر کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر غیر اعلانیہ طویل لوڈ شیڈنگ کی وجہ کاروباری وصنعتکار برادری سخی سرور روڈ ڈیرہ غازیخان پریشان ہے لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے میپکو کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا جائے۔**

کوئٹہ روڈ فیڈر ڈیرہ غازیخان کی طرف سے روزانہ کی بنیاد کوئٹہ روڈ پر قائم فیکٹری ایریا میں غیر اعلانیہ اور اور طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ کافی عرصہ سے جاری ہے جس کی وجہ سے کوئٹہ روڈ کی تاجر برادری اور صنعتکار برادری بہت پریشان ہے اور اس روڈ پر اکثر کاروبار اور قائم انڈسٹریز ہمارے ہی ممبران اور عہدیداران کی ہے اور آج کل کاٹن کا سیزن ہے اس کے باوجود تقریباً آٹھ آٹھ گھنٹے روزانہ کی بنیاد پر کسی نہ کسی حوالہ سے لوڈ شیڈنگ کی جاتی ہے جس کی وجہ سے انڈسٹریز کی پروڈکشن بند ہے اور نہ ہونے کے برابر ہے ایک طرف سے کاروبار نہیں ہیں دوسری طرف واپڈا نے پریشان کیا ہوا ہے اس مسئلہ کے حل کیلئے تین سے چار مرتبہ تحریری طور پر لکھ کر چیمبر کی طرف سے مطالبہ کیا گیا۔

Chamber of Commerce & Industry D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

جس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی جناب ایس ای صاحب اور ایکسین صاحب سے متعدد بار ٹیلی فونک رابطہ کیا گیا جو وہ سننے کے بعد ٹال دیتے ہیں۔اس پر جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب سابق صدر اور جناب شبلی شب خیز غوری صاحب نے کہا کہ اس مسئلہ کے حل کیلئے جناب چیف ایگزیکٹو صاحب مطالبہ کیا جائے اور ان کے نوٹس میں دیا جائے اور اس کے فوری حل کا مطالبہ کیا جائے۔ جناب سردار صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب سینئر نائب صدر کے دستخطوں سے جناب چیف ایگزیکٹو صاحب میپکو کو لیٹر لکھا گیا ہے جس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی اس مسئلہ کے حل کیلئے میری جناب خواجہ محمد الیاس صاحب سے درخواست ہے وہ اس مسئلہ کو خود take up کریں اور جناب چیف ایگزیکٹو صاحب سے بات کریں جس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے اس تجویز سے اتفاق کیا اور اس مسئلہ کے حل کی یقین دہانی کرائی اور فرمایا کہ میں انشااللہ چیف ایگزیکٹو میپکو سے بات کر کے حل کراتا ہوں۔

**8- ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نئی ممبر شپ کیلئے آنے والی درخواستوں کی منظوری۔**

سیکریٹری جنرل چیمبر نے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر اور ممبران ایگزیکٹو کمیٹی کے کہنے پر گزشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ کے بعد سے لے کر اب تک چیمبر کی رکنیت کے لئے آنے والی مندرجہ ذیل نئی ممبر شپ درخواستوں اور انکے کوائف کے بارے میں ہاؤس کو آگاہ کیا۔ ہاؤس نے ان درخواستوں کو درست قرار دیتے ہوئے انہیں چیمبر کی ممبر شپ کیلئے منظور کر کے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔ موصولہ درخواستوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**ایسوسی ایٹ کلاس:-**

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب عابد حسین پتافی صاحب | میسرز پتافی جنرل ٹریڈرز نزدیک پائگاہ شوریہ عقب رحمٰن کاٹن جنرز، ڈیرہ غازیخان |
| -2 | جناب مس ناصرہ تبسم صاحبہ | میسرز اذہان بابا بوتیک شاپ، وارڈ نمبر 8، محلہ درزیان، جام پور |
| -3 | جناب محمد یوسف صاحب | میسرز اے وائی انٹر پرائزز، نزدیک شیل پمپ، جام پور۔ |
| -4 | جناب راحیل بلال صاحب | میسرز راحیل بلال اے فیئر ز پرائس شاپ، بلاک B، بنک روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |

**کارپوریٹ کلاس:-**

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب مار بیگ صاحب | میسرز نجود انٹر پرائزز، بلاک وائی ماڈل ٹاؤن، ڈیرہ غازیخان۔ |
| -2 | جناب عبدالسلام صاحب | میسرز ناصر گڈز فارورڈنگ ایجنسی، کوئٹہ روڈ گدائی، ڈیرہ غازیخان۔ |
| -3 | جناب محمد سلیم صاحب | میسرز ناصر گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی، کوئٹہ روڈ گدائی، ڈیرہ غازیخان۔ |
| -4 | جناب سلمان صاحب | میسرز یو ایس میڈیسن کمپنی، بلاک نمبر 18، فرید آباد کالونی، ڈیرہ غازیخان |

Chamber of Commerce & Ind... SECRETARY GENERAL ... D.G.Khan

5- جناب محمد یوسف صاحب میسرز غازی موٹرز، بالمقابل گلبرگ ہاؤسنگ کالونی مین ملتان روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

6- جناب محمد محمود احمد خان کھتران صاحب میسرز الیونٹ مارکی، نزدیک گدائی چونگی، شاہ سکندر روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

7- جناب شہباز خان صاحب میسرز ایس کے کھوسہ کنسٹرکشن کمپنی، بھٹہ کالونی، ڈیرہ غازیخان۔

8- جناب عمران حیدر لغاری صاحب میسرز گلیان اینڈ کو، ناصر پلازہ، بلاک سی خیابان سرور، ڈیرہ غازیخان۔

"قرارداد"

"ہرگاہ ہاؤس کو چیمبر کی رکنیت حاصل کرنے کیلئے وصول ہونے والی ایسوسی ایٹ کلاس کی چار اور کارپوریٹ کلاس آٹھ کل بارہ درخواستوں کے کوائف سے آگاہ کیا گیا۔ ہاؤس مذکورہ درخواستوں کی توثیق کرتے ہوئے انہیں چیمبر کی رکنیت کیلئے متفقہ طور سے منظور کرتا ہے۔"

9- کوئی اور مسئلہ باجازت صدر۔

جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب ممبر مجلس عاملہ وسابق سینئر نائب صدر چیمبر نے جناب صدر کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ ہمارے سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے آفس کی رینوویشن کرائی اور اپنے یعنی سینئر نائب صدر کے آفس کو ڈیکوریٹ کرایا اور فرنیچر بھی فراہم کیا اور اسی طرح جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر نے پورے آفس کی رینوویشن کرائی صدر آفس کی موجود چیئرز کو نئی پوشش کرائی دو نئی ریوالونگ چیئرز ایک صدر آفس اور دوسری میٹنگ روم میں کرسی صدارت کیلئے عطیہ کی، نائب صدر آفس میں بڑی آفس ٹیبل عطیہ کی اور اسی طرح میٹنگ روم میں میٹنگ کیلئے تیس ریوالونگ چیئرز عطیہ کی ہیں جو کہ میٹنگ روم کے شایان شان ہیں۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب ایک خطیر رقم خرچ کر کے چیمبر آفس کے ڈیکورم کو سیٹ کرایا اس پر میں ایگزیکٹو کمیٹی اور اپنی طرف تہہ دل سے جناب صدر صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے چیمبر آفس کو عزت بخشی اور اس شایان شان بنایا کہ اب ہم اپنے آفس میں معزز مہمانان کو دعوت دینے میں عزت اور فخر محسوس کریں گے اس پر ہاؤس میں موجود تمام حاضر اراکین نے جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر چیمبر کا شکریہ ادا کیا اور ان کے اس اقدام کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نے فرمایا کہ یہ ہمارا آفس ہے ہم نے ابھی بہت کچھ کرنا ہے ہم اس کے ہر کام میں بہتری لائیں گے جس کو آپ واضح طور پر محسوس کریں گے۔

اس بعد جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے اجلاس میں حاضر تمام اراکین سے دریافت کیا کہ اگر کوئی کسی معزز ممبر کو کوئی اور مسئلہ درپیش ہے تو وہ بیان کرے ہمارے بھرپور کوشش ہوگی کہ اس کو حل کیا جائے لیکن جناب صدر صاحب استفسار کرنے پر کسی ممبر کی طرف سے کوئی مسئلہ پیش نہ کیا گیا جس پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان نے اجلاس کے باقاعدہ اختتام سے قبل اراکین کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج اراکین نے نہایت اہم اور توجہ طلب نکات پیش کئے جبکہ دیگر ایجنڈا بھی اہم تھا جس پر سیر حاصل بحث کی گئی اور وہ امید کرتے ہیں آئندہ اجلاسوں میں بھی اسی دلچسپی کا برقرار رکھا جائے گا۔

SECRETARY GENERAL

اس کے ساتھ ہی جناب صدر صاحب نے اجلاس کے اختتام پذیر ہونے کا اعلان کیا جس کے بعد اشیا خورونوش سے حاضرین کی تواضع کی گئی۔ میٹنگ کے بعد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب کی طرف سے ان کی رہائش گاہ پاک ون فلٹرز کمپنی واقع کوئٹہ روڈ پر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب صدر ایوان، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی اور دیگر معزز مہمانان کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کیا گیا تھا جس کیلئے جناب سرمد سلیم صاحب نے تمام معزز شرکا کرام کی دعوت دی۔ جس پر تمام حاضر اراکین ان کی اس پرخلوص دعوت پر شکریہ ادا کیا۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan •
SECRETARY
GENERAL

(محمد مجاہد)

سیکریٹری جنرل

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری